## ڈیجیٹل حق دار امتحانی ہال ٹکٹ پر انگوٹھے کا نشان لازم

**ہفتہ وار اجلاس کل ہوگا**

نظام آباد میونسپل کارپوریشن کا ہفتہ وار اجلاس کل صبح 10 بجے میونسپل ہال میں میئر مسز شبانہ فرحین کی زیر صدارت منعقد ہوگا۔ کمشنر نظام آباد ریونیو ڈویژن محمد عارف نواز خان بھی اجلاس میں شریک ہوں گے۔ ایجنڈے میں 42 نکات شامل ہیں۔ ان میں شہر کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی نئی پائپ لائن بچھانے، 3 کلومیٹر طویل سڑکوں کی تعمیر اور 2 پرانے تالابوں کی بحالی کے منصوبے شامل ہیں۔ ان کے لیے مجموعی طور پر 4 کروڑ 15 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز پیش کی جائے گی۔